## سوال

(134)امام جہری نماز میں سلام بلند آواز سے نہ کہے تو۔؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز مغرب امام صاحب کی اقتداء میں پڑھی گئی مگر آخر میں امام صاحب نے جہری طور پر السلام علیکم ورحمۃ اللہ نہ کہا اور اسی جگہ کھڑے ہو کر نماز شروع کر دی۔ مقتدیوں نے امام صاحب کی اس حرکت کو محسوس کرتے ہوئے سلام پھیر دیا۔ آیا نماز ہو گئی یا دوبارہ پڑھنا ہو گا؟ یا سہو کے سجدے لازم ہوئے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صورتِ مسئولہ میں مقتدیوں کی نماز ہو گئی، انہیں نماز دوبارہ پڑھنے یا سجود السہو کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ افکارِ اسلامی

**اذان و نماز، صفحہ:358**

محدث فتویٰ